© rasailojaraid.com



# رسید تحائف احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) مجلس ادارت۔

اس بار علمی تحائف میں سب سے اہم تحفہ، لاہور سے شائع ہونے والے ماہنامہ رشد کے خصوصی شمارہ قراءات نمبر کی دوسری جلد ہے......کلیۃ القرآن الکریم والعلوم الاسلامیہ لاہور کا یہ شاہکار ۹۳۵ صفحات پر مشتمل ہے......اردو زبان میں قراءات کے حوالہ سے ہونے والا یہ کام اس دور کا ایک بڑا کام ہے۔جن حضرات نے فن قراءات پر اس بار لکھا ہے انہوں نے بڑی عرق ریزی سے مقالات مرتب کیے ہیں، ڈاکٹر حافظ حمزہ مدنی اور ان کے رفقاء کی یہ کاوش قابل ستائش ہے کہ علوم القرآن اور بالخصوص قراءات قرآن کی جن باتوں کو لوگ بھولتے جارہے تھے انہیں ایک بار پھر ذہنوں میں تازہ کردیا گیا ہے۔اگر چہ بعض حضرات اسے تحسین کی بجائے تنقید کی نظر سے دیکھ رہے ہیں اور ان کے خیال میں ایسا کرنے سے قرآن کریم کے بارے میں بعض شکوک وشبہات پیدا ہوسکتے ہیں، تاہم علم تو علم ہے اور قراءات کے علم سے ناواقفیت اور نامانوسیت اس تنقیدی نگاہ کا اصل چشمہ ہے۔ازمنہ ماضیہ میں اسلاف نے اس پر بہت کچھ لکھا ہے مگر اردوخواں طبقہ کی چونکہ وہاں تک دسترس نہیں اس لئے اس کے بارے میں مختلف خیالات کا پیدا ہونا امر لابدی ہے۔ ندعوا اللہ ان یوفقنا بفہم القرآن وعلوم القرآن وبفہم القراءات المختلفۃ المذکورۃ فی السنۃ المطہرۃ............وواللہ ولی التوفیق۔

دوسرا تحفہ گوجرانوالہ سے ماہنامہ الشریعہ کا موصول ہوا ہے، جس میں جناب محمد زاہد صدیق مغل صاحب، کا مضمون قابل مطالعہ ہے، جس کا عنوان ہے، معاصر مجاہدین کے معترضین سے استفسارات......اس بار ماہنامہ الشریعہ نومبر دسمبر ۲۰۰۹ کا مشترکہ شمارہ شائع ہوا ہے اور اس میں ڈاکٹر عبدالقدیر خان صاحب کا ایک مضمون بھی شامل اشاعت ہے۔

امام محمد بن ادریس شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا سن ولادت ۱۵۰ ہجری اور سن وفات ۲۰۴ ہجری ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دیگر تحائف میں باقاعدگی سے موصول ہونے والے وہ مجلّات، سہ ماہی، اور ماہنامے ہیں، جن کا ذکر تذکرہ اس سے قبل کبھی نہیں کیا جاسکا اور نہ شکریہ ادا کیا جاسکا...... ان رسائل ومجلات میں حسب ذیل شامل ہیں......

ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور، ماہنامہ محدث لاہور، ماہنامہ حکمت قرآن لاہور، ماہنامہ روح بلند لاہور، ماہنامہ الاسلام کراچی، ماہنامہ نورالحبیب بصیر پور، ماہنامہ سوئے حجاز لاہور ماہنامہ فکرونظر اسلام آباد، ماہنامہ ضیائے حرم لاہور، ماہنامہ انوارلاثانی لاہور، ماہنامہ عرفات لاہور، تعمیر افکار کراچی، تحقیقات اسلامی علی گڑھ، (انڈیا) ماہنامہ اشرفیہ، مبارک پور (انڈیا)، ماہنامہ الاشرف کراچی، The Minaret, Karachi، ماہنامہ العصر پشاور، افق کراچی، المنبر فیصل آباد، ماہنامہ مطالعہ قرآن لاہور، مہر منیر اسلام آباد، ماہنامہ الحج مکہ مکرمہ (سعودی عرب) ماہنامہ مصلح الدین کراچی، ماہنامہ القاسم نوشہرہ، ماہنامہ نوراسلام شرقپور شریف، ماہنامہ الاخوۃ لاہور، نورالعرفان لاہور، ماہنامہ النظامیہ لاہور، معارف رضا کراچی، ماہنامہ صراط الہدیٰ کراچی، ماہنامہ التقویٰ (طرابلس۔لبنان)، ماہنامہ المجتمع کویت، ماہنامہ منارالاسلام متحدہ عرب امارات، ماہنامہ الجامعہ مصر، ماہنامہ قندیل اردن، مجلۃ الاکادیمیۃ مراکش، ماہنامہ الاقتصاد...... سوڈان، ماہنامہ الدعوۃ الاسلامیۃ لیبیا۔ پندرہ روزہ الحسن پشاور، ماہنامہ الشریعۃ گوجرانوالہ، سبیل ہدایت لاہور، کنزالایمان لاہور، ضیائے اسلام حیدرآباد، المقصود کراچی، محور لاہور، السدید معظم آباد شریف۔

کراچی سے ماہنامہ مسیحائی کا سالار اعظم نمبر اور قرآن نمبر کا تحفہ جناب احمد خیرالدین صاحب مدیر مسیحائی نے خود ایک تقریب میں عنایت فرمایا...... دونوں شمارے عمدہ مضامین کے حامل ہیں......

جناب ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن صاحب نے خطابت نبوی کا تحفہ عنایت کیا جو ۲۸۴ صفحات پر مشتمل ایک خوبصورت کتاب ہے۔ جس کا ہدیہ ۲۴۰ روپے اور صفحات ۲۸۸ ہیں فروری ۲۰۰۹ میں شائع ہونے والی یہ کتاب زوار اکیڈمی پبلی کیشنز کراچی نے شائع کی ہے...... جس میں رسول اللہ ﷺ کے انداز خطابت کے مختلف پہلو اجاگر کیے گئے ہیں۔ جناب جاوید اشرف میرٹھی اور مفتی عبدالرحمٰن کوثر صاحب کی مرتب کردہ کتاب تحفہ درود وسلام بھی اس ماہ کے تحائف میں شامل ہے...... یہ کتاب بھی زوار اکیڈمی نے شائع کی ہے......

☆ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا سنِ ولادت ۸۰ ہجری اور سن وفات ۱۵۰ ہجری ہے ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نعت کی نئی اصناف کے حوالے سے اپنی پہچان پیدا کرنے والے ہمارے دوست جناب صبیح رحمانی صاحب اکثر کرم فرماتے رہتے ہیں اور اپنی اور اپنے احباب کی کتابوں کے تحفے بھجواتے رہتے ہیں، چنانچہ اس بار غالب اور ثنائے خواجہ، اور ڈاکٹر شبیر احمد قادری صاحب کی مرتب کردہ کتاب نعت رنگ اہل علم کی نظر میں، انہوں نے بھجوائی ہے......نعت ان کا خاص موضوع ہے اور انہوں نے متعدد مجموعے نعت کے اب تک شائع کئے ہیں نعت رنگ ان کا اپنا مجلّہ اور نعت کا رنگ ان کا اپنا رنگ ہے۔اللہ نے انہیں جس رنگ میں رنگا ہے اس کی رنگینیاں تاحشر قائم رہیں اور وہ نعت کی خدمت کرتے رہیں، رب النعت وصاحب النعت ان کی مساعی کو شرف قبول عطا فرمائے (آمین)


**اپنے پیاروں کو عالم بناؤ......................اپنا پیارا ملک بچاؤ**

بغیر علم کے اللہ کی معرفت حاصل نہیں ہوسکتی..................دنیاوی علم اللہ کی معرفت عطا نہیں کرتا

یہ دینی علم ہی کی شان ہے کہ وہ اللہ سے ملاتا ہے..................دنیاوی علم محض وسیلۂ روزگار ہے۔

علماء کی قدر کیجئے..................عالم بنئے..................جاہل رہنے پر قناعت مت کیجئے۔

**تحریکِ فروغِ علم**



**جدید فقہی مسائل اور ان کا مجوزہ حل**

ترتیب وتدوین: ڈاکٹر عبدالستار ابوغدہ اردو ترجمہ: ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی

نظر ثانی واشاعت: ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

450 صفحات، قیمت 300 روپے عمدہ ایڈیشن

ناشر: ماڈرن اسلامک فقہ اکیڈمی کراچی

پوسٹ بکس نمبر 17777 گلشن اقبال کراچی


☆ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا سن ولادت ۱۶۴ ہجری اور سن وصال ۲۴۱ ہجری ہے ☆

© rasailojaraid.com